RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۳ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء مطابق ۷ رجب ۱۳۱۱ ہجری جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل	
۱	پنشن محمد ایاز خان سوار۔	۱
۲	پنشن امراؤ سنگھ سپاہی۔	۲
۳	پنشن جلیف بہتو سپاہی۔	۲
	احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۴	رخصت سید علی حیدر تحصیلدار رامپور۔	۲
۵	رخصت سید غلام شبیر پیشکار تحصیل سوار۔	۲
۶	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دربارۂ اجرائے توثیق ڈگری۔	ضمیمہ
۷	رویداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور۔	، ،
۸و۹	نقشہ جات اموات و نقشہ نرخ اجناس۔	، ،

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری ۱۸۹۴ء

آج پیشل کونسل مین پیش ہوئی محمد ایاز خان ولد میر باز خان سوار ترپ چہارم کو بوجہ علیحدگی خدمت سے تین روپیہ ماہوار پنشن دیجاوے

مثل بنابر اجرائے احکام با جلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے۔ ۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

بمقدمہ پنشن سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی اراد سنگھ ولد گوکل سنگھ سپاہی کو یوم علیحدگی خدمت سے ڈہائی روپیہ ماہانہ پنشن دیجائے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے

۱۱ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ خلیفہ ممو ولد شیخ مدو سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین رسالدار کو یوم علیحدگی خدمت سے دو روپیہ ماہواری پنشن دیجاوے۔ مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے

۱۱ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۶ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

عرضی سید علی حیدر تحصیلدار بلاسپور بدرخواست عطاے رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت پیش ہو کر منظور ہوئی۔

ایضاً

۶ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

عرضی سید غلام شبیر پیشکار تحصیل سوار بدرخواست عطاے رخصت یک [illegible] بوجہ بقاے مرض پیش ہو کر رخصت مطلوبہ مزید بلا تنخواہ منظور ہوئی۔ انوار حسین بدستور کام کرینگے۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳۰ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء متعلقہ تجویز صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر

ہکو رائی صاحب جج بہادر سے اتفاق ہے ہمیشہ مقدمات دیوانی مین ڈگری اس موافق بعد تجویز لگائی جایا کرے عام اس سے کہ مقدمہ ڈسمس کیا جائے یا ڈگری کیا جائے۔ ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے تاکہ حکام متعلق آیندہ اسکے موافق کارروائی عمل مین لائین۔

تجویز صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر گذرنے عرضی بابو ... ہو کاران بابت اجرائے قاعدہ ترتیب ڈگری

میری رائے مین ڈگری کا بننا چاہیے اور جہانتک مین خیال کرتا ہون عمال عدالت ضرورت سے زیادہ ہین اور کوئی دقت نہوگی اور جب ڈگری فارم چھاپے جاوینگے تو محض خانہ پری انکی کرنی ہوگی جسمین کچھ زیادہ کام نہین ہوگا اور میری رائے مین حسب ذیل نمونہ ڈگریون کا ہونا چاہیے

نمونہ ڈگری

زید — مدعی

عمر — مدعا علیہ

دعوے بابت

مقدمہ ہذا بتاریخ واسطے فیصلہ کے روبرو بحاضری

پیش ہوا عدالت نے بحث سنی کاغذات ملاحظہ کئے عدالت حکم دیتی ہے

اور نیز خرچہ بذمہ

خرچہ مقدمہ

مدعی	روپیہ	آنہ	پائی	مدعا علیہ	روپیہ	آنہ	پائی
اسٹامپ عرضی دعوے				اسٹامپ وکالت نامہ			
اسٹامپ وکالت نامہ				ایضاً سوال			
محنتانہ وکیل				محنتانہ وکیل			
رسوم یا ترجمہ				خوراک گواہان			
خوراک گواہ				اجرائے حکمنامہ			
اجرائے حکمنامہ				رسوم ترجمہ			
متفرقات				فیس کمیشن			
				متفرقات			
میزان				میزان			

آج تاریخ ماہ سنہ کو بہ ثبت دستخط و مہر عدالت ڈگری مرتب ہوئی (مہر عدالت) دستخط حاکم

نمونہ مین لفظ روبرو کے بعد جگہ خالی چھوڑی جائیگی جسمین حاکم کا نام وعہدہ لکھا جائیگا اور بحاضری کے بعد بقدر جگہ چھوڑی جائیگی کہ مدعی و مدعا علیہ اگر اصالتاً حاضر ہون تو اونکا نام اور اگر وکیل بھی ہون تو اونکا بھی نام لکھا جاسکے اور لفظ "عدالت حکم دیتی ہے" کے بعد پورا حکم جو فیصلہ مین لکھا گیا ہو۔ اور خرچہ کی نسبت جو حکم عدالت کا ہوا ہو اوسکے لیئے دوسری سطر ہے۔ المرقوم ۳۱ ر دسمبر ۱۸۹۳ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ۔ واقع ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء

ہر ایک نمبر کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اور اصل بنابر تعمیل دفتر

روداد کمیٹی مینوسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۱۲ دسمبر ۱۸۹۳ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

حاجی حافظ محمد علی خان صاحب مجسٹریٹ ضلع نائب نشین کمیٹی

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری کمیٹی

شرکاء جلسہ ملازمین		شرکاء جلسہ غیر ملازمین	
۱ - بابو بھولا ناتھ صاحب	اسسٹنٹ سول سرجن	۱ - صاحبزادہ گمن خان صاحب	ممبر
۲ - پنڈت ڈوری لال صاحب	بخشی فوج	۲ - مرزا احمد حسن خان صاحب وکیل	ممبر
۳ - منشی صادق حسین صاحب	میونسپل انجینئر	۳ - مولوی عبد الصمد صاحب وکیل	ممبر
۴ - پنڈت رام دیال صاحب	ڈاکٹر فوج	۴ - مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل	ممبر
۵ - مولوی محمد یعقوب علی خان صاحب	وکیل سرکار	۵ - لالہ بندرابن صاحب مستاجر	ممبر
		۶ - لالہ گنیشی لال صاحب	ممبر
		۷ - لالہ بلدیو داس صاحب	ممبر
		۸ - لالہ گوپال داس صاحب	ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱ - عرضی بدریداس بدرخواست نصب لالٹین بمندر موقعہ باغیچہ ذوقرام ۔	کثرت رائے سے تجویز ہوئی کہ لالٹین لگا دیجاوے ۔

ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲ - پانچ قطعہ عرائض بابتہ روشنی مساجد متعلقہ محلہ پاکھر تھانہ جدید ۔ بذریہ نتھو علی خان ۔ گھیر جلال خان لال قبر ۔ گھیر طوند ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ میونسپلٹی کو ایسے مصارف دینا مناسب نہیں معلوم ہوتے مساجد میں روشنی کا انتظام صیغہ مساجد یا اوقاف سے ہونا چاہیے اجلاس میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے گزارش ہو ۔

کاغذات متعلقہ بذریعہ رپورٹ علیحدہ بنا بر صدور حکم جاری اجلاس میں آنا چاہئیں ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء

۳۔ عرضی محلہ داران بدر بیجا سامان مع تجویز درستی جاہ متصل قرار میان امیر شاہ صاحب	صاحب صدر نشین نائب صدر نشین صاحب نے اس موقع کو خود ملاحظہ فرمانیکا ارشاد فرمایا لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات باجلاس صاحب صدر نشین پیش ہوں۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری ۱۸۹۴ء [illegible]

۴۔ روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بطلب نسبت خریداری گاڑیاں آہنی کوڑہ۔	صاحب صدر نشین بہادر نے فرمایا کہ نمونہ آگئے ہیں اور بمبئی سے بھی نمونہ منگوایا گیا ہے لہذا یہ دوبارہ جلسہ آئندہ میں پیش ہو۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری ۱۸۹۴ء [illegible]

۵۔ رپورٹ صفائی بجواب تجویز کمیٹی ۱۴ ستمبر نسبت مہائی رقم عشرہ محرم بٹی آبکاری۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ عشرہ محرم کے بابت جو روپیہ ٹھیکہ دار آبکاری کو مہیا ہو جاتے ہیں دی دی جاویں زیادتی مہائی کی جو درخواست ہے وہ نامنظور ہوئی ہے سررشتہ صفائی کو اطلاع دیجاوے۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری ۱۸۹۴ء [illegible]

۶۔ عرضی میاں محمد خاں بدرخواست اجازت اجرائی بھٹی چونہ گچ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ شامل کاغذات سابقہ جو بسبارہ میں کمیٹی کی تجویز ہو چکی ہے پیش ہو۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری ۱۸۹۴ء [illegible]

۷۔ جواب بخشی حبیب اللہ صاحب و مرزا محمد حسن صاحب ممبران بورڈ ٹہری روبکار کمیٹی ۱۴ جولائی بابتہ ملاحظہ مواقعات نصب بم پولس کے آہنی۔	ممبر صاحبان ملاحظہ مواقعات کے بعد جگہہ ستادگی بم پولس آہنی پسند نہیں کرتے اور لکھتے ہیں کہ یہ موقع بم پولس کے ایستادہ ہونے سے گر جگہہ تجویز کرکے نہیں لکھی کہ آئندہ یہاں سے اوٹھکر کہاں کہاں بم پولس ایستادہ ہوں لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ دوبارہ ممبر صاحبان کو تکلیف دیجاوے کہ جگہ نصب کیلئے برای آئندہ تجویز فرماکر اطلاع دیں۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری ۱۸۹۴ء [illegible]

۔۔ عرضی رام سروپ بدرخواست اجازت تعمیر دوکان موقوعہ متصل ظفر گنج۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس معاملہ میں ایک قسم کا نزاع واقع ہے جسکا تصفیہ کمیٹی سے نہیں ہو سکتا باجلاس صاحب سشن جج بہادر صدر نشین کمیٹی بھیجیں جو جناب معتمد الیہ بہادر حکم صادر فرماویں گے۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری ۱۸۹۴ء [illegible]

۔۔ کاغذات گم ۔ بوجی گوسنفدان وتلاش	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات حوالہ گرداوری مہاشی کے ہوں کہ وہ متلاشی رہیں جب وقت

چودہری۔	کوئی قصاب بہلا آدمی قابل چودہراہٹ دستیاب ہو پیش کریں۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء
۱۰۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب و صاحبزادہ گگن خانصاحب و مولوی عبد المجید خانصاحب دربارۂ انتظام گوشت وغیرہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ رائے جو ممبر صاحبان نے مندرج نوٹ کی ہے بہت مناسب معلوم ہوتی ہے لیکن لہم مناسب نہیں معلوم ہوتا کہ بوقت منظوری نوٹ کی تجویز کیجاوے۔ بہتر یہ بات ہے کہ جو جو ممبر صاحبان داغ دہانی گوسفندان فرماتے ہیں وہ اور گرداور صفائی شریک ہو کر ایک خاص کمیٹی کرکے اسبارہ میں مفصل رپورٹ لکہیں دوسرا نوٹ جو اوسکے متعلق ہے وہ بہی شامل اسی نوٹ کی اسپیشل کمیٹی میں پیش ہو۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء
۱۱۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب دربارہ مسدودی بہبہائے شہر۔	صاحب کمشنر بہادر نے فرمایا کہ قواعد میونسپل میں اس امر کا لحاظ و رعایت ہوا اجراے قواعد میونسپل کے یہ نوٹ ملتوی رہے جب قواعد جاری ہونگے اوسوقت مناسب کارروائی ہوگی۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء
۱۲۔ عرضی وزیر قصاب ٹہیکہ دار مسلخ مع کیفیت صفائی دربارہ تیاری فرش مسلخ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ٹہیکہ دار کی درخواست ہے کہ فرش مسلخ خراب و غیر پختہ ہونیکی وجہ سے نقصان ہوتا ہے جلد چمڑہ کی رگڑ جاتی ہے اور گرداور صفائی بہی لکہتے ہیں کہ جلد انسان کو بہی نقصان پہونچتا ہے دوسرے صفائی اچہی طرح نہیں ہوتی بوجہ ہونے فرش کنکریٹ گڈہ پڑگئے ہیں اونمیں خون بہرجاتا ہے لہذا تخمینہ طلب ہو کہ پتہر کا فرش کسقدر لاگت میں تیار ہو سکتا ہے۔ اسکا انتظام جلد ہونا چاہیے ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء
۱۳۔ عرضی باشندگان شہر بہ شکایت گوشت	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ عرضی کئی مہینہ کی گذری ہوئی ہے اوسوقت میں گوشت کم ہوتا تہا اب شاید کمی اوسے نہیں ہوتا ہے لہذا صفائی سے کیفیت طلب ہو۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء
۱۴۔ رپورٹ گرداور صفائی دربارہ خرابی	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رپورٹ کئی مہینہ کی ہے صفائی کو واپس ہو کہ اب گوشت کی کیا حالت

گوشت و تعین نرخ۔

اطلاع دیں۔

ملاحظہ شد ۳۰ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۱۵۔ نوٹ بخشی صاحب فوج بدیں خلاصہ کہ سید ابراہیم صاحب وکیل بجائے حکیم عبد الرزاق خان ممبر متوفی مقرر فرمائے جاویں۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جگہ عبد الرزاق خان صاحب متوفی کی خالی ہے اور سید ابراہیم ایک لائق اور ہوشیار شخص ہیں۔ لہذا حسب رائے بخشی صاحب فوج ممبر بورڈ بجائے حکیم صاحب متوفی کے ممبر مقرر کئے جاویں اور بعد منظوری حضور جو ڈیشل ممبر ہوں اور سند ممبری حسب قاعدہ ان کو صادر کر دیں۔

منظور ہے۔ ۳۰ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۱۶۔ نقشہ بقایا پرتہ جو کیدارہ مع رائے اسپیشل کمیٹی منعقدہ ۱۰ ستمبر سنہ ۹۲ء

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نادہندوں کے ذمہ جنکے کی رقم قابل وصول ہے اسپیشل کمیٹی کی رائے ہے کہ بذریعہ نیلام جائداد منقولہ وصول کر لئے جاویں اور بعہ جو جینی پرشاد کے نام نقشہ نادہندان میں درج ہے یہ شخص بہت غریب مفلس ہے نادہند نہیں لہذا اسکو بھی رقم سے معافی دیجاوے جنرل کمیٹی کی رائے میں بھی یہ تجویز اسپیشل کمیٹی منظوری کے قابل ہے بہ قدر کارروائی ہونا مناسب ہے کہ نادہندوں کی فہرستیں بحلقہ ممبر صاحبان بورڈ کو دیدی جاویں اور ممبر صاحبان کو اونکی حیثیت اور حالت کی جانچ کر لیں اور کیفیت مفصل جلد تر اطلاع دیں اسکے بعد اسپیشل کمیٹی کی رائے جاری ہونا چاہئے۔

نقشہ ناداران۔

یہ نقشہ اون اشخاص کا ہے جو شخص نادار ہیں اور صاحب سکرٹری بورڈ نے اونکی جانچ بھی کی ہے اسکی بابت اسپیشل کمیٹی کی رائے ہے کہ ۲۵ اسم مندرجہ نقشہ کو معافی دیجاوے جنکے ذمہ امابے رقم باقی ہے یہ باقی خارج ہو اور نام رجسٹر سے خارج کئے جاویں جنرل کمیٹی کی رائے میں بھی یہ رقم قابل اخراج ہے۔

نقشہ بقایا پرتہ۔

اس نقشہ میں رقم ناد ہے قابل وصول ہے۔ اسکی بابت اسپیشل کمیٹی کی رائے ہے کہ بہت جلد کل پرتہ وصول کر لیا جاوے اور اگر باقیداران نہ دیں تو بذریعہ نیلام جائداد منقولہ مثل نادہندان وصول کیا جاوے جنرل کمیٹی کے نزدیک بھی یہ رائے اسپیشل کمیٹی کی ٹھیک ہے لہذا صفائی پر وصول کی بابت تاکید کیجاوے اور جواب واصلباقی صفائی سے آنا چاہئے کہ کسقدر کس کس مہینہ میں وصول ہوا۔

یہ دفعہ آخر تک ملاحظہ ہوئی ہم یہ بات اول دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ یہ باقی کسقدر زمانہ کی ہے اور کیوں اسقدر باقی چھوڑی گئی اور کسکے قصور سے یہ امور کیوں نہیں وصول کئی گئی مفصل اسکی کیفیت سکرٹری میونسپل بورڈ بھیجیں۔ ۳۰ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۸ / لغایت ۱۵ / جنوری سنہ ۱۹۴۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مد		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مد							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۲۴	۹	۱۸	۱	۴۹	۴۲	۷	۸	۸	۰	۲	۱۳	۲	۲۱	۱۶	۲۹	۸	۰	۰	۹۰	۳۱	۳۷	۰
شاہ آباد	۱۱	۳۲	۲	۲۷	۷۱	۱۴	۵۹	۱۱	۹	۱	۰	۱۱	۵	۴۴	۱۱	۵	۳۴	۰	۰	۲۵	۱۰	۳۵	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۷	۳	۸	۱	۱۹	۱۵	۳	۲	۳	۱	۰	۱۶	۷	۱۸	۰	۱۶	۱۲	۰	۰	۰	۲۸	۲۸	۰
بلاسپور	۲	۳	۲	۰	۱۵	۱۲	۳	۲	۲	۳	۲	۲	۴	۱۱	۱۱	۱۱	۱۱	۰	۰	۰	۴۲	۴۲	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۴۸	۴۴	۳۸	۲۹	۱۵۹	۸۶	۷۳	۲۶	۱۹	۴	۲	۴۳	۲۵	۶۴	۴۸	۶۱	۴۶	۰	۰	۳۱	۹۱	۱۳۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۸ / لغایت ۱۵ / جنوری سنہ ۱۹۴۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ۰ر	۱۲ ۰ر	۰	۰	۰	۱۵ ۰ر	تحصیلات ملک و سوار و بلاسپور کے نقشے نہیں آئے۔
نخود [illegible]	۲۰ ۰ر	۲۰ ۰ ۰	۰	۰	۰	۲۰ ۰ر	
[illegible]	۲۴ ۰ر	۲۱ ۰ر	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۲۶ ۰ر	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۲۷ ۰ر	۰	۰	۰	۰	۰	
مونگ	۲۱ ۰ر	۲۰ ۰ر	۰	۰	۰	۰	
مکا	۲۷ ۰ر	۲۳ ۰ ۱ر	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۲۵ ۰ر	۰	۰	۰	۰	۲۵ ۰ر	
[illegible]	۲۲ ۰ر	۰	۰	۰	۰	۲۰ ۰ر	
[illegible]	۲۰ ۰ر	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ ۰ر	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	۱۱ ۰ر	۱۱ ۰ر	۰	۰	۰	۱۱ ۰ر	
روغن زرد	۱ ۲۵ ۰ر	۱ ۲۵ ۰ر	۰	۰	۰	۱ ۲ ۰ر	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰	۳ ۰ر	
روغن کنجد	۳ ۱۲ ۰ر	۳ ۰ر	۰	۰	۰	۲ ۰ ۰ر	
نمک سانبھر	۷ ۱۱ ۰ر	۷ ۰ر	۰	۰	۰	۸ ۰ر	
نمک لاہوری	۰	۱۶ ۰ر	۰	۰	۰	۸ ۰ر	
قند سیاہ	۱۱ ۰ر	۱۰ ۰ر	۰	۰	۰	۹ ۰ر	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور